© rasailojaraid.com



## مولانا ندویؒ کی وفات پر پورا عالم اسلام غمزدہ ہے

پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا فداء الرحمٰن درخواستی عمرہ کی ادائیگی کے بعد کراچی واپس پہنچ گئے ہیں۔ گزشتہ روز انہوں نے کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی سے فون پر ملک کی موجودہ صورت حال پر تبادلہ خیال کیا اور دونوں راہ نماؤں نے کونسل کی مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس کے بارہ میں مشورہ کیا جو اگلے ماہ طلب کیا جا رہا ہے۔

دریں اثنا مولانا فداء الرحمٰن درخواستی نے مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا ہے کہ مولانا ندویؒ عالم اسلام کی عظیم علمی و دینی شخصیت تھے اور ان کی وفات پر پوری ملت اسلامیہ سوگوار ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حضرت مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دیں اور پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق سے نوازیں۔

پاکستان شریعت کونسل کے دیگر راہ نماؤں مولانا زاہد الراشدی، مولانا منظور احمد چنیوٹی، مولانا قاری سعید الرحمٰن، مولانا حامد علی رحمانی، مولانا اکرام الحق خیری، مولانا سیف الرحمٰن ارائیں، مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر، مولانا محمد حسن کاکڑ، مولانا محی داد خوستی اور مولانا احسان اللہ ہزاروی نے بھی حضرت ندویؒ کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے ان کی دینی و ملی خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا ہے اور بلندی درجات کی دعا کی ہے۔

## مولانا زاہد الراشدی کا دورہ برطانیہ

پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی نے ۱۶ رمضان المبارک سے برطانیہ کا دو ہفتے کا دورہ کیا اور ابوبکر اسلامک سنٹر ساؤتھ آل، ہدایہ سنٹر ہیز، مڈل سیکس، مسجد طیبہ واش وڈ ہیتھ برمنگھم، مسجد ابوبکر والسال، مسجد فاروق اعظم ہرنلے، پاکستان سنٹر نوٹنگھم اور مسجد قوت الاسلام کراولی میں تراویح میں ختم قرآن کریم کی تقریبات اور دیگر اجتماعات سے خطاب کیا۔ مولانا راشدی ۲۹ رمضان المبارک کو گوجرانوالہ واپس پہنچ گئے اور انہوں نے نماز عید الفطر حسب معمول مرکزی عیدگاہ مبارک شاہ روڈ گوجرانوالہ میں پڑھائی۔

## جامعہ دار العلوم کراچی کے فضلاء متوجہ ہوں

جامعہ دار العلوم کراچی کے تعلیمی سال کے آغاز اور افتتاح بخاری کے موقع پر بروز اتوار، پیر مورخہ ۲۹/۳۰ شوال ۱۴۲۰ھ مطابق ۶/۷ فروری ۲۰۰۰ء کو دو روزہ اجتماع منعقد ہو رہا ہے جس میں جامعہ دار العلوم کراچی کے دورہ حدیث، تخصص فی الافتاء اور شعبہ تجوید و قرات کے تمام فضلاء کی دستار بندی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس اجتماع میں تعلیمی و تربیتی مجالس کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ ان فضلاء سے درخواست ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے مکمل کوائف اور موجودہ پتہ فون نمبر وغیرہ سے دفتر تعلیمات جامعہ دار العلوم کراچی کو مطلع کریں۔

ناظم تعلیمات، جامعہ دار العلوم کراچی، ڈاک خانہ دار العلوم کراچی ۱۴۔
پوسٹ کوڈ ۷۵۱۸۰ فون نمبر: 5049774 فیکس: 5040234

## ایک ضروری اعلان : اہل علم حضرات توجہ فرمائیں

☆ مرزا غلام احمد قادیانی نے ایک قصیدہ لکھ کر علماء اسلام سے اس کا جواب طلب کیا۔ ☆ علماء کرام میں سے پروفیسر مولانا قاضی ظفر الدین اورینٹل کالج لاہور نے اس کا جواب "قصیدہ رائیہ بجواب قصیدہ مرزائیہ" تحریر فرمایا اور مولانا حکیم شاہ غنیمت حسین اشرفی نے "ابطال اعجاز مرزا" کے نام سے دو جلدوں میں شائع کیا تھا۔ ☆ ملک بھر کے تمام دینی رہنماؤں اور علماء کرام سے درخواست ہے کہ جن حضرات کے پاس ان کتب میں سے کوئی کتاب موجود ہو تو مطلع فرمائیں۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ان کتابوں کو شائع کرنا چاہتی ہے۔ امید ہے کہ اس پر توجہ دی جائے گی۔

جواب کے لیے : مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری، مرکزی ناظم اعلیٰ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان۔ فون: 514122

---

فقیہ العصر، محدث کبیر، شیخ الحدیث

حضرت مولانا عبد الرحمٰن کامل پوریؒ

کے ترمذی شریف پر افادات چالیس سالہ تدریس حدیث کا نچوڑ

## معارف ترمذی

مرتبہ: قاری سعید الرحمٰن

ناشر: جامعہ اسلامیہ کشمیر روڈ، صدر راولپنڈی۔ فون: 567381

---

عہد حاضر کی مشہور علمی و روحانی شخصیت

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الرحمٰن کامل پوریؒ

کے حالات زندگی کا ایمان افروز مرقع اور دلآویز تذکرہ

## تجلیات رحمانی

مرتبہ: قاری سعید الرحمٰن

کا دوسرا ایڈیشن شائع ہو کر منظر عام پر آ گیا ہے جس میں جلیل القدر علمائے کرام کی آراء اور تبصرے نیز علماء خیز سرزمین علاقہ چھچھ کا تاریخی جائزہ شامل ہے۔

ناشر: جامعہ اسلامیہ کشمیر روڈ، صدر راولپنڈی۔ فون: 567381

© rasailojaraid.com